# DIRECTORS' REPORT

The directors of your company are pleased to present the 27th Annual Report along with the audited financial statements of the Company for the year ended 30th June 2018:

## BUSINESS OVERVIEW:

The Company is principally engaged in the manufacturing and sale of Auto Rickshaws, Tractor Wheel Rims and home appliances during the current financial year.

**ALL PRAISE BE TO ALLAH.** The Company has registered highest ever production and sales volume of Auto Rickshaws during the current financial year.

The Government has been successful in maintaining the law & order position in the country throughout the year specially in Karachi. This has helped the Company not only to maintain but also to strengthen its market share of Auto Rickshaws.

The tractor industry has regained its market position during the period under review and has shown an impressive increase of 33.20% in overall production of tractors. This has resulted in increase in orders of wheel rims from the tractor assemblers and has positively affected on the profitability of the company.

## FINANCIAL RESULTS:

| | 2018 (Rupees) | 2017 (Rupees) |
|---|---|---|
| Profit before taxation | **254,678,642** | 204,113,745 |
| Provision for taxation | **68,673,624** | 61,291,804 |
| Profit after taxation | **186,005,018** | 142,821,941 |
| Other comprehensive loss for the year | **(2,428,937)** | (9,024,382) |
| Un appropriated Profit brought forward | **558,119,886** | 482,732,527 |
| Profit available for appropriation | **741,695,967** | 616,530,086 |
| **Appropriations:** | | |
| Interim Cash dividend Nil (2017:12.50%) | - | 22,465,460 |
| Reserve for issuance of Bonus share Nil (2017: 20%) | - | 35,944,740 |
| | - | 58,410,200 |
| Un appropriated profit carried forward | **741,695,967** | 558,119,886 |

## Sales Revenue:

The overall net sales revenue of the Company has increased by 9.68% from Rupees 3,618.14 million to Rupees 3,968.22 million during the period under review showing an improvement in performance of the company. **AL-HAMDOLILLAH.**

**Segment wise**: The net sale of Auto Rickshaws has increased from Rupees 3,121.31 million to Rupees 3,335.89 million reflecting a growth of 6.87%. The net sale of automotive parts has increased by 25.13 % from Rupees 493.59 million to Rupees 617.63 million. The net sales of home appliances has increased from Rupees 3.25 million to Rupees 14.68 million compared with the corresponding period of last year.

The sale of auto rickshaw also includes an export sale of Rupees 52.58 million showing a decrease of 6.77% as compared to the last financial year export of Rupees 56.40 million. During the year, Company exported Auto Rickshaws to Afghanistan, Japan and Iraq.

**By the Grace of Almighty Allah**, the Company has registered a highest sale volume in the current financial year. The Company has consolidated its market share and also achieved a growth in sale volume of Auto Rickshaw. During the year, the company sold 21,978 units of Auto Rickshaws as compared to 21,109 units sold in last financial year.

The revival of tractor industry is good for the Company due to which tractor assemblers placed higher orders of tractor wheel rims on the Company which has made a substantial contribution in increasing the sales revenue and profitability of the Company.

The sale of home appliances has increased due to their higher demand in the market.

## Gross Profit:

Company's gross profit has increased from Rupees 379.48 million to Rupees 444.91 million showing an increase of Rupees 65.43 million compared with the corresponding period of last year. The gross profit ratio has also inclined from 10.49% to 11.21%.

## Operating Expenses:

The operating expenses are normal in line with the increase in sales volume of the company.

**Profit Before Taxation:**

Company's profit before taxation has increased from Rupees 204.11 million to Rupees 254.68 million showing an increase of Rupees 50.56 million compared with the corresponding period of last year.

**Earnings Per Share:**

The Earnings per share of the Company has increased from Rs. 6.62 (restated) to Rs.8.62 as compared to corresponding period of last year showing a substantial increase in profits available for distribution to shareholders.

**Production:**

During the year, the company produced highest volume of Auto Rickshaws and achieved more than 100% of capacity utilization. The production of 21,722 units of Auto Rickshaws is reflecting a 2.50% rise, compared with 21,193 units produced during the corresponding period of last year. The excess production of Auto Rickshaws over normal capacity is due to working in over time schedule to meet the increased market demand.

Whereas the production of tractor wheel rim was 106,593 compared with 94,307 during the same corresponding period of last year showing an increase of 13.02%.

**RISKS AND UNCERTAINTIES:**

**Risks:**

The company is exposed to a large number of internal and external risks. Risk is the chance of happening of an event that can prevent the company from achieving its objectives.

All Risks cannot be eliminated, these can be managed, mitigated and transferred to third party.

The board of directors has overall responsibility to establish and oversee the Company's Risk Management framework.

The board has established Risk Management Policies for the governance of risks and determination of company's level of risk tolerance. The board reviews annually to ensure that the management has maintained a sound system of risk identification, risk management and related internal controls to safeguard the assets, resources, reputation and interest of the company and shareholders. The system is subject to continuous monitoring for its further improvement.

The following are some of principal risks being faced by the company:

**Law and Order Position**:

The Company is carrying a major market share of auto rickshaw sale in Karachi, therefore, significance of law and order position in the city is sensitive for the company. Any deterioration in law and order position, if any, in Karachi may adversely affect the sale of auto rickshaws. However, the Company is hopeful that the law enforcing agencies will continue their efforts to bring peace in the country and particularly in Karachi. Further, the Company is increasing and strengthening its sales network in other cities that would help to mitigate any adverse effect of the situation.

**Availability and Prices of Raw Material:**

Due to closure of Pakistan Steel Mill, the production of tractor wheel rims and sheet metal components of auto rickshaw is dependent on the availability of imported steel in the International market, therefore, any hurdle in its availability and volatility of its prices may adversely affect the production, input cost and supply of tractor wheel rims and sheet metal components of auto rickshaw.

Further any failure or hurdle in supply of critical parts of auto rickshaws, which are procured from single source, may disturb the production of auto rickshaws. To avoid such kind of situation, company carries higher level of stocks of those parts and continuously monitor the supply chain and keeps close contact with the supplier to solve any issue at an early stage.

**Currency Devaluation:**

Material devaluation of Pak Rupee, if any, may deteriorate the profitability of the Company. The company has a planning of availing the hedging and forward cover booking of foreign currency facility upon its availability (if it is feasible).

**Economic & Political conditions:**

Overall stable economic and political conditions in the country have a significant influence on the company's success. Any instability may have adverse effects on the company's revenue and profitability.

**General Market Conditions:**

The product range of the company in auto rickshaw

category is very successful and contributes to it in advantageous position compared with the competitors. Any aggressive pricing policy, introduction of new products and aggressive change in after sales policy by competitors may result in lower revenue, lower profitability or lower market share of the company.

The company carries out continuous monitoring of competitors in order to recognize these risks at an early stage. Depending on the situation, product-specific and possible regionally different measures are taken to support the weaker markets.

### Regulatory and Taxation Policy:

The automotive industry is subject to various governmental regulations. Any adverse and sudden change in the Governments' taxation and regulatory policy may have considerable impact on the company's future business.

### Sudden break down of Plant & Equipment:

Any sudden break down of manufacturing plant and equipments may lead to stoppage of production and can create a risk in achieving the desired business targets. In order to secure and enhance the long term future viability of production facilities, the equipments are continually maintained and modernized.

The natural disasters are out of control of the company. However, the company takes appropriate precautionary measures, as far as possible, and also arrange insurance policies.

### Financial Risks:

These risks have been stated in note 41 to the audited financial statements.

### Warranty cases:

Warranty cases could arise if the quality of the products does not meet the requirements and regulations are not complied with or support is not provided in the required form in connection with product problems and product care. Possible claims with such risks are examined and if necessary appropriate measures are taken for the affected products. The company works continuously to maintain the product quality at required level to supply the best possible products to the customers.

### Uncertainties:

- Volatility in prices of raw materials
- New government's taxation and regulatory policies
- Pak Rupee parity against foreign currencies
- Law and order situation in the country
- Supply of electricity to the industry
- Political and economic stability
- Inflation Rate

### MATERIAL CHANGES:

No material changes or commitments affecting the financial position of the company have taken place between the end of the financial year and the date of the Report except as disclosed in the Directors' Report and financial statements.

### CASH DIVIDEND:

The Board of Directors, at their meeting held on September 24, 2018 has not recommended a cash dividend keeping in view the requirement of funds for the setting up of new project for the manufacturing/assembly of four wheeler vehicles.

### FUTURE OUTLOOK:

The new government has to face big economic challenges including depleting foreign reserves due to widening of current account deficit and repayment of previous loans, rising inflation rate, foreign policy etc. The government has to put in place a very comprehensive plan to manage the current situation prudently and has to take corrective measures to boost the economic activities in the country.

Very short time has passed since the new government has formed. It is hoped that soon the government will introduce its policies to put the economy on right track of prosperity. Insha Allah.

Your company is keeping close eye on the situation and efforts are being made not only to maintain the existing growth rate of business but also to increase the market share of its products.

### 4-Stroke Auto Rickshaw:

Auto Rickshaw is playing a significant role in fulfilling the transportation needs of the general public. Urbanization trend of the society and enlargement of big cities is creating more demand of public transport facility. Auto rickshaw has become a key source for the movement of people from one place to other due to its availability at the door step of the people.

Constant devaluation of Pak Rupee has increased the

input cost of auto rickshaws that forced the company to increase the prices of its products during the current financial year as well as subsequent to the period under review. It is estimated that the rise in prices of auto rickshaws may slow down the sales volume in the coming periods.

The Company will continue its policy of Research and Development to innovate new products as well as to improve the quality of existing products to remain ahead of the competition.

Looking ahead your Company expects a substantial revenue and profitability from this segment of business, **INSHA ALLAH**.

### Automotive Parts:

Tractor industry has regained its market position and showed a substantial growth in current financial year. It is hoped that this growing trend will continue in coming financial year and your company will receive increased orders of wheel rims from the tractor assemblers.

The Company expects substantial revenue and income from this segment of business.

### Exports:

Your Company is continuously making efforts to increase exports of Auto Rickshaw to Afghanistan, Japan and other countries and it is hoped that the Company will receive increased orders in the coming financial year.

## BUSINESS EXPANSION:

### Passenger and Off-Road Vehicles:

During the year, the Company has entered into a Vehicle Assembly and Cooperation Agreement with a renowned Chinese Automobile manufacturer for the manufacture/ assembly of passenger and off-road vehicles under brand “BAIC”.

The setting up of the project is under process and is estimated to be completed by June 30, 2019 with a production capacity of 24,000 units per annum.

Initially the cost of project was estimated at Rs. 1,760 million excluding the value of land which is already owned by the Company. However, due to constant devaluation of Pak Rupee, the company is in the process of reviewing the project cost.

The principle risks associated with this project are given below:

- Any adverse change in regulatory policies specifically auto development policy 2016-21
- Product acceptability by the customers
- Devaluation of Pak Rupee
- Large number of competitors

**Purchase of additional land:** During the year, the Company also purchased nearly 55 kanals 5.14 Marla of land adjacent to the existing land of proposed four wheeler project valuing Rs. 87.86 million to fulfil the future needs of the project.

### Holding of Auto Rickshaw Expansion Facilities:

Considering the potential growth and future prospects of the automobile sector in Pakistan and in order to facilitate the timely completion of **the new four wheeler Project**; the Board had decided to hold the expansion of auto rickshaws production facilities during the period under review.

The production of Auto Rickshaws will continue at the existing production facilities of the Company and the growing market demand of the auto rickshaws shall be met by increasing the production hours of these production facilities.

## CORPORATE SOCIAL RESPONSIBILITY:

Corporate Social Responsibility is the continuing commitment by business to behave ethically and contribute to economic development while improving the quality of life of the workforce and their families as well as of the local community and society at large. During the year, the company carried out the following activities under CSR:

### Health:

Company made contribution of Rs. 300,000/- in cash and donated three units of auto rickshaw ambulances to various hospitals which provide free of cost medical facilities to the poor or deserving people of the society.

### Education:

Company donated a sum of Rs. 200,000/- to the institutions which are not only looking after the poor children but are also providing them education free of cost.

### Financial Assistance:

Company spent Rs. 436,390/- on the welfare of

deceased's workers families to meet their household and children's education expenses.

### Hajj Sponsorship:

Every year Company sends two employees on Hajj which provides them great spiritual satisfaction. The Company spent Rs. 993,050 during this year.

### Employment of Disabled persons:

Company creates employment opportunities for disabled persons to make them respectable and self sufficient in the society. Presently company has employed 27 disabled persons.

### Clean Drinking Water:

Clean water is important for the health of workers. Company provides its workers clean filtered drinking water to keep them healthy and safe from different diseases.

### Workforce Training:

Workforce development is very significant for the progress of industrial sector. The Company is committed for human resource development for the automotive sector. The new appointees are trained before they are sent to production line. Measures are also taken to improve their skills and performance.

### Safety:

The Company takes different safety measures to safe guard its man force and working environment. Company provides safety goggles, Gloves, safety shoes, welding shields, etc, to its workers. Work places are cleaned properly to avoid slips and fall. Hazardous materials are stored in designated area. The Company also takes measures to avoid the occurrence of accidents. First aid facility, fire extinguishers, dedicated Company owned Ambulance Service has been made available for the emergency situation.

### Environment Protection:

Wastages and scraps are properly managed and disposed off. Company's production scrap is also used as input material for making new components and in this way does not pollute the environment.

### Contribution To National Exchequer:

Being a responsible citizen, your company has made a contribution of Rs. 914.09 Million to National Exchequer during the year in form of income tax, sales tax, custom duties and excise as compared to 806.59 million of last financial year. The rise is due to increase in production and sales volumes.

### REVISION IN REMUNERATION PACKAGES OF THE CHIEF EXECUTIVE AND EXECUTIVE DIRECTORS:

During the year, the monthly remuneration packages of the Chief Executive and Executive Directors were revised effective from April 01, 2018. The detail is given below:

| Name of Executives | Monthly Remuneration Rupees |
|---|---|
| Mian Asad Hameed, Chief Executive | 1,900,000 |
| Saeed Iqbal Khan, Executive Director | 900,000 |
| Mian Muhammad Ali Hameed, Executive Director | 350,000 |

There was no other change in terms and conditions of their appointments.

### DIRECTORS' REMUNERATION POLICY:

The Policy has been designed to enable the Company to attract, motivate and retain the executive and non-executive directors and to govern the Company successfully and to encourage the value addition.

### Remuneration of Executive Directors including Chief Executive:

The level of remuneration be appropriate and commensurate with the role and level of responsibilities, qualification, experience, expertise, industrial practices and trends in the market to attract and retain the Executive Directors including Chief Executive who are needed to govern the Company successfully and to encourage the value addition without compromising their independence.

The Executive Directors and the Chief Executive of the Company are not entitled for the meeting attending fee.

### Remuneration of Non-Executive Directors including Independent Directors:

No Remuneration is paid to non-executive directors

except the meeting attending fee.

The Board determines the amount of meeting attending fee to encourage the non-executive directors for spending their valuable time for the preparation of and their active participation in the meeting of the Board of Directors or Committees.

**COMPLIANCE WITH CODE OF CORPORATE GOVERNANCE:**

The board is committed to the principles of good corporate governance. The board is pleased to confirm that the Company is in compliance with Corporate and Financial Reporting Framework of the Code of Corporate Governance as are applicable for the current year and states that:

- ***Presentation of Financial Statements*** The financial statements, prepared by the management of the company, present its state of affairs fairly, the results of its operations, cash flows and changes in equity;
- ***Books of Account*** Proper books of account of the company have been maintained;
- ***Accounting Policies*** Appropriate accounting policies have been consistently applied in preparation of financial statements and accounting estimates are based on reasonable and prudent judgement;
- ***Compliance with International Financial Reporting Standards (IFRS)*** International Financial Reporting Standards, as applicable in Pakistan, have been followed in preparation of financial statements and departure there from (if any) has been adequately disclosed and explained;
- ***Internal Control System*** The system of internal control is sound in design and has been effectively implemented and is being monitored continuously. The review will continue in future for the improvement in controls;
- ***Going Concern*** There are no significant doubts upon the Company's ability to continue as a going concern;
- ***Best Practices of Corporate Governance*** There has been no material departure from the best practices of corporate governance, as are applicable to the Company for the year ended June 30, 2018.
- ***Financial Data of Last Years*** Key operating and financial data of last six years is annexed as per annexure "A"

***Outstanding Statutory Dues*** The outstanding statutory dues are given in notes to the financial statements.

***Significant Plans and Decisions:*** To explore new business opportunities in automobile sector.

***Code of Business Conduct:*** The Company has prepared a "Code of Business Conduct" and has ensured that appropriate steps have been taken to disseminate it throughout the company along with its supporting policies and procedures. It has also been placed on the company's web site.

***Composition of Board:***

The total number of directors are (9)nine as per the following:

a. Male : (7) seven
b. Female :(2) two

The composition of board is as follows:

**a. Executive directors including Chief Executive:**
Mr. Mian Asad Hameed
Mr. Saeed Iqbal Khan
Mr. Mian Muhammad Ali Hameed

**b. Non-Executive Directors:**
Mrs. Saira Asad Hameed
Mrs. Sana Suleyman
Mr. Mian Zafar Hameed
Mr. Humza Amjad Wazir

**c. Independent Directors:**
Mr. Ahsan Ejaz
Mr. Anwar Ali

**Committees of the Board:**

The Board Committees and their members have been stated on page number 02 of the Annual Financial Statements.

***Attendance in Board and Committees' Meetings:*** The number of board and committees' meetings held during the year and attendance by each director is given below:

| | Board | Audit Committee | HR&R Committee |
|---|---|---|---|
| **Total Meetings Held** | **5** | **5** | **2** |
| **Meetings Attended by the Directors:** | | | |
| Mr. Mian Asad Hameed | 5 | N/A | N/A |
| Mr. Mian Zafar Hameed | 5 | N/A | 1 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Mr. Saeed Iqbal Khan | 5 | N/A | 2 |
| Mr. Mian Muhammad Ali Hameed | 4 | N/A | N/A |
| Mrs. Saira Asad Hameed | 5 | N/A | N/A |
| Mr. Ahsan Ejaz | 5 | 5 | N/A |
| Mrs. Sana Suleyman | 5 | 5 | N/A |
| Mr. Anwar Ali | 5 | 4 | 1 |
| Mr. Humza Amjad Wazir | 4 | N/A | 2 |

- *Leave of absence was granted to the Directors who could not attend the Board Meeting.*

***Directors' Training Programs during the year:*** The Company is in compliance of certification of Directors Training Programme. Out of nine, four directors have acquired the Directors' Training Programme (DTP) from SECP approved Institutions whereas three directors fall under the exemption criteria of Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations 2017.

***Pattern of Shareholding:*** The pattern of shareholding is annexed as per annexure "B" and "B/1".

***Trading in Company's Shares by*** Directors, executives and their spouses and minor children during the year: Purchase, sale of Shares and change in beneficial ownership:

| ***Directors & Executives:*** | ***Purchase*** | | ***Sale*** |
|---|---|---|---|
| *Mr. Mian Asad Hameed* | *1,460,811* | *(Including bonus shares 1,436,963 and inherit shares 15,331)* | - |
| *Mr. Mian Zafar Hameed* | *16,281* | *(Bonus shares 950 and inherit shares 15,331)* | *9,281* |
| *Mrs. Saira Asad Hameed* | *217,355* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mr. Saeed Iqbal Khan* | *154,174* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mr. Mian Muhammad Ali Hameed* | *399,824* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mrs. Sana Sulayman* | *2,280* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mr. Humza Amjad Wazir* | *106* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mr. Ahsan Ejaz* | *190* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mr. Anwar Ali* | *105* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mr. Arshad Mahmood* | *2,383* | *(Bonus Shares)* | - |
| ***Spouses:*** | | | |
| *Mr. Muhammad Suleyman Khan* | *3,800* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mrs. Amina Humza Wazir* | *3,792* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mrs. Ambreen Zafar Hameed* | *238* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mrs. Naghmana Saeed* | *58,803* | *(Bonus Shares)* | - |
| *Mrs. Navin Anwar Ali* | *238* | *(Bonus Shares)* | - |

**PERFORMANCE EVALUATION OF BOARD, COMMITTEES AND INDIVIDUAL DIRECTORS:**

The board has put in place a mechanism for the performance evaluation of its own, its committees and individual directors.

During the year, HR&R Committee has undertaken the evaluation process. The results were compiled and placed before the board for its consideration and action for necessary improvement wherever it has been identified.

**AUDITORS:**

The present auditors retire and being eligible offers themselves for reappointment. The Audit Committee and the Board of Directors also recommended for their reappointment.

**EMPLOYEES RELATIONS:**

The management and employees relationship is very cordial and it is hoped that both will work with the same spirit to achieve the desired goals of the Company.

**ACKNOWLEDGEMENT:**

We would like to place on record our appreciation for the untiring efforts, teamwork and dedication shown by the Company's employees during the year under review.

We would also like to express our gratitude to our valued shareholders, customers, suppliers and financial institutions for their continued support to the Company.

**Lahore:**
**September 24, 2018**

For and on behalf of the Board

**Mian Asad Hameed**
**(Chief Executive)**

**Saeed Iqbal Khan**
**(Director)**

# ڈائریکٹران کی رپورٹ

کمپنی کے ڈائریکٹران 30 جون 2018ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے ہمراہ کمپنی کی ستائیسویں (27) سالانہ رپورٹ بخوشی پیش کرتے ہیں۔

## کاروبار کا مجموعی جائزہ:

اس مالی سال کے دوران کمپنی بنیادی پر آٹو رکشہ، ٹریکٹر ویل رمز اور ہوم اپلائنسز کی پیداوار اور فروخت میں مصروف عمل رہی ہے۔

اللہ تعالی کا شکر ہے کہ اس سال کمپنی نے آٹو رکشہ کی سب سے زیادہ پیداوار اور فروخت حاصل کی ہے۔ حکومت پورا سال کے دوران ملک میں اور خاص طور پر کراچی میں امن وامان کی صورت حال کو برقرار رکھنے میں کامیاب رہی جس سے کمپنی کو آٹو رکشہ کی مارکیٹ طلب نہ صرف برقرار رکھنے بلکہ اضافے کے لیے بھی مدملی ہے۔

ٹریکٹر انڈسٹری نے اس سال کے دوران اپنی مارکیٹ کی حیثیت کو دوبارہ حاصل کیا ہے۔ اور ٹریکٹر کی پیداوار میں متاثر کن 33.20 فی صد کا اضافہ دکھایا ہے جس سے کمپنی کو ٹریکٹر بنانے والے اداروں سے ویل رمز کے زیادہ آرڈر ملے اور کمپنی کے منافع پر مثبت اثر پڑا ہے۔

## مالیاتی نتائج:

| | 2018 | 2017 |
|---|---|---|
| | (روپے) | (روپے) |
| منافع قبل از ٹیکس | 254,678,642 | 204,113,745 |
| ٹیکس کا تخمینہ | 68,673,624 | 61,291,804 |
| منافع بعد از ٹیکس | 186,005,018 | 142,821,941 |
| کمپنی کے دوسرے سالانہ نقصان | (2,428,937) | (9,024,382) |
| گزشتہ غیر مختص شدہ منافع (Brought Forward) | 558,119,886 | 482,732,527 |
| منافع جو مختص کرنے کے لئے دستیاب ہے | 741,695,967 | 616,530,086 |
| **تخصیصات:** | | |
| زیرو فی صد عبوری نقد منقسمہ منافع (2017:12.50%) | - | 22,465,460 |
| زیرو فیصد بونس حصص کے اجراء کے لئے ذخیرہ (2017:20%) | - | 35,944,740 |
| | - | 58,410,200 |
| برآوردہ غیر مختص شدہ منافع (Carried Forward) | 741,695,967 | 558,119,886 |

## سیلز آمدنی:

اللہ تعالی کا شکر ہے اس سال کمپنی کی مجموعی سالانہ سیلز میں 9.68 فی صد اضافہ کے ساتھ پچھلے مالیاتی سال کے مقابلہ میں سیلز آمدنی 3,618.14 ملین روپے سے بڑھ کر اس سال 3,968.22 ملین روپے ہوگئی ہے جو کہ کمپنی کی کارکردگی میں بہتری کو ظاہر کرتی ہے۔

## حصہ وار سیلز آمدنی:

اس سال آٹو رکشہ کی مجموعی سیلز پچھلے سال کے مقابلہ میں 3,121.31 ملین روپے سے بڑھ کر 3,335.89 ملین روپے ہوگئی ہے جو کہ 6.87 فی صد ترقی کو ظاہر کرتی ہے۔ آٹوموٹیو پارٹس کی مجموعی سیلز پچھلے سال کے مقابلہ میں 493.59 ملین روپے سے بڑھ کر 617.63 ملین روپے ہوگئی ہے جو کہ 25.13 فی صد اضافہ کو ظاہر کرتی ہے۔ ہوم اپلائنسز کی مجموعی سیلز پچھلے سال کے مقابلہ میں 3.25 ملین روپے سے بڑھ کر 14.68 ملین روپے ہوگئی ہے۔

آٹو رکشہ کی فروخت میں 52.58 ملین روپے کی برآمدات شامل ہیں جو کہ پچھلے مالی سال کی برآمدات 56.40 ملین روپے سے 6.77 فیصد کمی کو ظاہر کر رہی ہیں۔ اس سال کے دوران کمپنی نے افغانستان، جاپان اور عراق کو آٹو رکشہ برآمد کیئے۔

اللہ تعالی کے فضل وکرم سے کمپنی نے اس سال مجموعی فروخت کی بلند ترین سطح کو حاصل کیا ہے۔ کمپنی نے اپنی مارکیٹ حصہ داری کو اور مضبوط کیا ہے اور آٹو رکشہ کی فروخت کے حجم میں اضافے کو بھی حاصل کیا ہے۔ کمپنی نے پچھلے مالی سال 21,109 آٹو رکشہ کے مقابلہ میں اس سال 21,978 آٹو رکشہ فروخت کیئے۔

ٹریکٹر انڈسٹری کی بحالی کمپنی کے لئے اچھی ہے جس کی وجہ سے ٹریکٹر بنانے والے اداروں نے کمپنی کو ویل رمز کے زیادہ آرڈر دیئے جس نے کمپنی کے منافع اور سیلز آمدنی میں نمایاں اضافے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

مارکیٹ طلب میں نمایاں اضافے کی وجہ سے ہوم اپلائنسز کی فروخت میں اضافہ ہوا ہے۔

## مجموعی منافع:

کمپنی کا مجموعی منافع 65.43 ملین روپے کے اضافہ کے ساتھ پچھلے سال کے مقابلہ میں 379.48 ملین روپے سے بڑھ کر 444.91 ملین روپے ہوگیا ہے۔ مجموعی منافع کا تناسب بھی 10.49 فیصد سے بڑھ کر 11.21 فیصد ہوگیا ہے۔

## آپریٹنگ اخراجات:

کمپنی کے آپریٹنگ اخراجات کمپنی کی فروخت میں اضافہ کے مطابق نارمل ہیں۔

## قبل از ٹیکس منافع:

کمپنی کا قبل از ٹیکس منافع 50.56 ملین روپے کے اضافہ کے ساتھ پچھلے سال کے مقابلہ میں 204.11 ملین روپے سے بڑھ کر 254.68 ملین روپے ہوگیا ہے۔

## آمدنی فی حصص:

اس سال 8.62 روپے فی حصص آمدنی پچھلے سال کی 6.62 روپے (restated) فی حصص آمدنی سے بڑھ گئی ہے جو کہ حصص داران کے لئے دستیاب منافع میں نمایاں اضافہ کو ظاہر کرتی ہے۔

## پیداوار:

اس سال کمپنی نے 100 فی صد سے زیادہ پیداواری صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے آٹو رکشہ کی بلند ترین پیداوار کی سطح کو حاصل کیا۔ آٹو رکشہ کی پیداوار کی تعداد 2.50 فی صد اضافے کے ساتھ پچھلے سال کے مقابلہ میں 21,193 سے بڑھ کر اس سال 21,722 رہی۔ پیداواری صلاحیت سے زیادہ اصل پیداوار، آٹو رکشہ کی مارکیٹ طلب کو پورا کرنے کے لئے اضافی وقت میں کام کرنے کی وجہ سے ہے۔

جبکہ ٹریکٹر ویل رم کی پیداوار اس سال 13.02 فی صد اضافہ کے ساتھ پچھلے سال 94,307 کے مقابلہ میں 106,593 رہی۔

## خطرات اور غیر یقینی صورت حال:

### خطرات:

کمپنی کو بڑی تعداد میں اندرونی اور بیرونی خطرات کا سامنا ہے۔ خطرہ ایک واقع کے رونما ہونے کا موقع ہے جو کمپنی کو اپنے مقاصد حاصل کرنے میں روک سکتا ہے۔
تمام خطرات ختم نہیں کئے جا سکتے، ان کا انتظام کیا جا سکتا ہے، کم کئے جا سکتے ہیں اور تیسری پارٹی کو منتقل کئے جا سکتے ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹران کی مجموعی ذمہ داری ہے کہ کمپنی کے خطرات کے انتظامی ڈھانچہ کا قیام اور نگرانی کرے۔

خطرات کی گورننس اور کمپنی کی سطح پر خطرات کو برداشت کرنے کی حد کا تعین کرنے کے لئے بورڈ نے خطرات کی انتظامی پالیسیوں کا قیام کر دیا ہے۔ بورڈ سالانہ جائزہ لیتے ہوئے یقین حاصل کرتا ہے کہ حصص داران اور کمپنی کے مفاد اور شہرت، وسائل، اثاثہ جات کو محفوظ کرنے کیلئے انتظامیہ نے خطرات کی نشاندہی، خطرات کا انتظام اور اس کے متعلقہ انٹرنل کنٹرول کا مضبوط انتظام بنا رکھا ہے۔ نظام کو مزید بہتر بنانے کے لئے اس کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔

کمپنی کو درپیش چند بنیادی خطرات درج ذیل ہیں۔

### امن وامان کی صورت حال:

کراچی میں آٹو رکشہ کی فروخت کا نمایاں مارکیٹ شیئر کمپنی کے پاس ہے اس لئے شہر میں امن وامان کی صورت حال کی اہمیت کمپنی کے لئے بہت حساس ہے۔ اگر کراچی میں امن وامان کی صورت حال میں کسی بھی قسم کی ابتری ہوتی ہے تو اس سے آٹو رکشہ کی فروخت پر برا اثر پڑ سکتا ہے تاہم کمپنی کو امید ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے بالعموم پورے ملک میں اور خاص طور پر کراچی میں امن لانے کی اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ مزید یہ کہ کمپنی اپنی فروخت کا نیٹ ورک دوسرے شہروں میں بڑھا اور مضبوط کر رہی ہے جو کہ حالات پر کسی بھی قسم کے برے اثرات کو کم کرنے میں مددگار ہوگا۔

### خام مال کی قیمت اور دستیابی:

پاکستان سٹیل مل بند ہونے کی وجہ سے ٹریکٹر ویل رمز اور آٹو رکشہ کے لوہے کے پرزہ جات کی پیداوار کا انحصار درآمدی لوہے کی بین الاقوامی مارکیٹ میں دستیابی پر ہے اس لئے اسکی دستیابی میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ اور اس کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ آٹو رکشہ کے لوہے کے پرزہ جات اور ٹریکٹر ویل رمز کی پیداوا، ان کی لاگت اور فراہمی پر برا اثر کر سکتی ہے۔

مزید آٹو رکشہ کے اہم پرزہ جات جو واحد ذریعے سے خریدے جاتے ہیں کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ یا ناکامی آٹو رکشہ کی پیداوار متاثر کر سکتی ہے۔ اس صورت حال سے بچنے کیلئے کمپنی ان پرزہ جات کا اونچی سطح کا سٹاک جمع کر لیتی ہے اور فراہمی سلسلے کی مسلسل نگرانی کرتی ہے اور سپلائرز کے ساتھ قریبی رابطے میں رہتی ہے تاکہ ابتدائی مقام پر ہی مسئلے کو حل کیا جا سکے۔

### روپے کی قدر میں کمی:

پاکستان روپے کی قیمت میں اگر کوئی نمایاں کمی ہوتی ہے تو یہ کمپنی کے منافع کو کم کر سکتی ہے۔ کمپنی کا منصوبہ ہے کہ وہ غیر ملکی کرنسی کی ہیجنگ **(hedging)** اور فارورڈ کور بکنگ **(forward cover booking)** کی دستیابی اگر سودمند ہو تو اس سے استفادہ کیا جائے۔

### اقتصادی اور سیاسی حالات:

ملک میں مجموعی طور پر مستحکم اقتصادی اور سیاسی حالات کمپنی کی کامیابی پر اہم اثر رکھتے ہیں۔ کسی بھی قسم کا عدم استحکام کمپنی کی آمدن اور منافع پر برا اثر ڈال سکتا ہے۔

## عام مارکیٹ کے حالات:

آٹو رکشہ کی کیٹیگری میں کمپنی کی پیداواری صلاحیت بہت کامیاب ہے اور حریف کے مقابلہ میں اس کو فائدہ مند برتری حاصل ہے۔حریف کی جانب سے قیمتوں میں کوئی بھی جارحانہ کمی، نئی مصنوعات کا تعارف اور بعداز فروخت پالیسی میں جارحانہ تبدیلی کمپنی کی کم آمدن، کم منافع اور مارکیٹ حصہ داری میں کمی کے نتیجہ کی صورت میں ہوسکتی ہے۔

کمپنی حریف پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے تاکہ ان خطرات کی ابتدائی مراحل پر پہچان ہوسکے۔ممکنہ علاقائی مخصوص پیداواری اشیاء کے حالات کے مدنظر کمزور منڈیوں کی سپورٹ کے لئے مختلف اقدامات کئے جاتے ہیں۔

## ریگولیٹری اور ٹیکس پالیسی:

آٹوموٹیو انڈسٹری پر بہت سے حکومتی قوانین نافذ العمل ہیں۔ان قوانین یا ٹیکس پالیسی میں کوئی بھی منفی یا اچانک تبدیلی کمپنی کے مستقبل کے کاروبار پر گہرے اثرات مرتب کرسکتی ہے۔

## پلانٹ اور آلہ جات میں اچانک خرابی:

پلانٹ اور آلہ جات میں اچانک خرابی پیداوار میں رکاوٹ کا باعث بن سکتی ہے اور کاروبار کے مطلوبہ احداف کو حاصل کرنے میں خطرہ پیدا کرسکتی ہے۔اس صورت حال سے بچنے کے لئے اور مستقبل میں پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کے لئے پلانٹ اور آلہ جات کی مسلسل دیکھ بھال کی جاتی ہے اور ان میں جدت لائی جاتی ہے۔

قدرتی آفات کمپنی کے اختیارات سے باہر ہیں۔تاہم کمپنی احتیاطی تدابیر اور ممکنہ اقدامات اختیار کرتی ہے اور انسورنش پالیسیوں کا اہتمام بھی کرتی ہے۔

## مالیاتی خطرات:

یہ خطرات تنقیح شدہ مالیاتی گوشواروں کے نوٹ **41** میں بیان کردیئے گئے ہیں۔

## وارنٹی مقدمات:

وارنٹی مقدمات نمودار ہوسکتے ہیں اگر اشیاء معیار پر پورا نہ اترتی ہوں اور قوانین کی پاسداری نہ کی جاتی ہو یا اشیاء کی دیکھ بھال اور اشیاء میں نقص کے مسائل کے لئے مطلوبہ سپورٹ فراہم نہ کی جاتی ہو۔ایسے خطرات کے ساتھ ممکنہ دعوؤں کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے اور اگر ضروری ہو تو متاثرہ اشیاء کے لئے مناسب اقدامات کیے جاتے ہیں۔کمپنی گاہکوں کو ممکنہ بہترین اشیاء فراہم کرنے کے لئے اشیاء کی کوالٹی کو مطلوبہ سطح پر رکھنے کے لئے مسلسل کام کرتی ہے۔

## غیر یقینی صورت حال:

- خام مال کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ
- نئی حکومت کی ٹیکس اور قوانینی پالیسیاں
- غیر ملکی کرنسی کے مقابلہ میں پاکستانی روپے کی قدر
- ملک میں قانون اور امن وامان کی صورت حال
- انڈسٹری کو بجلی کی فراہمی
- سیاسی اور اقتصادی استحکام
- افراط زر

## نمایاں تبدیلیاں:

سوائے ان تبدیلیوں کے جو کہ ڈائریکٹران کی رپورٹ اور مالی گوشواروں میں ظاہر کردی گئی ہیں کوئی نمایاں تبدیلی یا معاہدہ جو کہ کمپنی کی مالی پوزیشن پر اثر انداز ہو سکے، مالی گوشواروں اور رپورٹ کی تاریخ کے دوران نہیں ہوا ہے۔

## نقد منقسمہ منافع:

فور ویلرز گاڑیاں بنانے کے لئے نئے پروجیکٹ کے قیام کے لئے فنڈز کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 24 ستمبر 2018 کو اپنے منعقدہ اجلاس میں نقد منافع منقسمہ کی سفارش نہیں کی ہے۔

## مستقبل پر نقطہ نظر:

نئی حکومت کو بشمول کرنٹ اکاؤنٹ کے خسارے میں بڑھوتری اور پچھلے قرضوں کی واپسی کی وجہ سے غیرملکی ذخائرز میں کمی اور غیر ملکی پالیسی، بڑھتی ہوئی افراط زر کی شرح سمیت بڑے اقتصادی چیلنجز کا سامنا ہے۔

حکومت کو موجودہ صورت حال کے انتظام کے لئے ایک انتہائی جامع اور دانا منصوبہ بنانا پڑے گا اور ملک میں معاشی سرگرمیوں کو فروخ دینے کے لئے اصلاحی اقدامات کرنا پڑیں گے۔ نئی حکومت کے قیام کے بعد بہت کم وقت گزرا ہے امید کی جاتی ہے کہ حکومت معشیت کو خوشحالی کی صیحح راہ پر لانے کے لئے جلد اپنی پالیسیاں متعارف کرائے گی۔

آپ کی کمپنی اس صورت حال پر نگاہ رکھے ہوئے ہے اور نہ صرف موجودہ کاروبار کی شرح میں اضافہ کو برقرار رکھنے کے لئے بلکہ اپنی پروڈکٹس کے مارکیٹ حصہ کو بھی بڑھانے کے لئے کوشش کر رہی ہے۔

## فور اسٹروک آٹو رکشہ:۔

آٹو رکشہ عام لوگوں کی ٹرانسپورٹ ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ معاشرے کے شہری رجحان اور بڑے شہروں کی بڑھوتری لوگوں کی ٹرانسپورٹ سہولت کی طلب پیدا کر رہی ہے۔ آٹو رکشہ لوگوں کے دروازے کی دہلیز پر دستیابی کی وجہ سے اور ان کی ایک سے دوسرے جگہ نقل و حرکت کے لئے ایک کلیدی ذریعہ بن گیا ہے۔

پاکستانی روپے کی ابتری قدر کی وجہ سے آٹو رکشہ کی پیداواری لاگت بڑھی ہے جس نے کمپنی کو موجودہ مالی سال کے ساتھ ساتھ بعد از دورانیہ میں بھی اپنی اشیاء کی قیمتیں بڑھانے پر مجبور کیا ہے۔ یہ اندازہ ہے کہ رکشوں کی قیمتیں بڑھنے کی وجہ سے آنے والے وقت میں اسکی فروخت میں کمی ہو سکتی ہے۔

کمپنی مقابلہ میں آگے رہنے کے لئے نئی مصنوعات کی ایجاد کرنے اور اپنی موجودہ مصنوعات کی کوالٹی کو بہتر کرنے کے لئے اپنی تحقیق اور ترقی کے طریقہ کار کو جاری رکھے گی۔

مستقبل پر نظر رکھتے ہوئے آپ کی کمپنی کاروبار کے اس حصہ سے نمایاں فروخت اور منافع کی توقع اللہ کے فضل و کرم سے رکھتی ہے۔

## آٹو موٹیو پارٹس:

ٹریکٹر انڈسٹری نے اپنی مارکیٹ حیثیت کو دوبارہ حاصل کیا ہے اور موجودہ مالیاتی سال میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ یہ امید کی جاتی ہے کہ بڑھتا ہوا رجحان آئندہ مالیاتی سال میں بھی جاری رہیگا اور آپ کی کمپنی ٹریکٹر بنانے والے اداروں سے ویل رمز کے زیادہ آرڈر حاصل کرے گی۔

کمپنی کاروبار کے اس حصہ سے نمایاں فروخت اور نفع کی توقع رکھتی ہے۔

برآمدات:

آپ کی کمپنی افغانستان، جاپان اور دوسرے ملکوں میں آٹو رکشہ کی برآمدات بڑھانے کی مسلسل کوششیں کر رہی ہے اور امید کی جاتی ہے کہ کمپنی آئندہ مالیاتی سال میں زیادہ آرڈر وصول کرے گی۔

## کاروبار میں توسیع

مسافر اور آف۔روڈ گاڑیاں:

اس سال کے دوران کمپنی نے "BAIC" برانڈ کے ساتھ گاڑیاں بنانے والے ایک مشہور چائنیز آٹو موبیلز ادارے کے ساتھ مسافر اور آف۔روڈ گاڑیوں کو بنانے، جوڑنے کے لئے وہیکل اسمبلی اور کواپریشن معاہدہ کیا ہے۔

منصوبہ زیرِ تکمیل ہے اور یہ 24,000 سالانہ پیداواری صلاحیت کے ساتھ تقریباً جون 2019,30 کو مکمل ہو جائے گا۔

ابتدائی اندازے کے مطابق اراضی کی قیمت کے علاوہ جو کہ کمپنی کی پہلے سے ملکیت ہے منصوبے کی اندازاً لاگت 1,760 ملین روپے تھی۔ تاہم پاکستانی روپے کی قدر میں کمی کے باعث کمپنی منصوبہ کی لاگت کا جائزہ لینے کے مراحل میں ہے۔

اس منصوبے کے ساتھ منسلک بنیادی خطرات ذیل میں دیئے جاتے ہیں۔

- قانونی پالیسیوں خاص طور پر آٹو ڈیولپمنٹ پالیسی 21-2016 میں کوئی بھی منفی تبدیلی
- گاہک کی جانب سے مصنوعات کی قبولیت
- پاکستان روپے کی قدر میں کمی
- زیادہ تعداد میں حریفوں کا ہونا

مزید زمین کی خریداری:

اس سال کے دوران کمپنی نے مجوزہ فور ویلر منصوبہ کی مستقبل کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے پہلے سے موجود اراضی کے ساتھ 87.86 ملین روپے کی مالیت کی تقریباً 55 کنال 5.14 مرلہ اراضی بھی خریدی ہے۔

آٹو رکشہ کی توسیع سہولیات میں ٹھہراؤ:

پاکستان میں آٹو موبیلز سیکٹر کی مستقبل میں خوشحالی اور ترقی کے امکانات کو مدنظر رکھتے ہوئے اور نئے فور ویلر پراجیکٹ کو وقت پر مکمل کرنے کی سہولت کے پیشِ نظر بورڈ نے اس سال کے دوران آٹو رکشہ کی توسیع و پیداواری سہولیات کو روکنے کا فیصلہ کیا۔

آٹو رکشہ کی پیداوار کمپنی کی موجودہ پیداواری سہولیات میں ہی جاری رہے گی اور آٹو رکشہ کی بڑھتی ہوئی مارکیٹ طلب کو پورا کرنے کے لئے اس پیداواری سہولت میں پیداواری سہولیات کے وقت میں اضافہ کیا جائے گا۔

ادارے کی سماجی ذمہ داری:

کمپنی کی یہ سماجی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے ملازمین، ان کے اہلِ خانہ، اپنے اردگرد کے لوگوں اور اپنے معاشرے کے لوگوں کے رہنے کے معیار کو بلند کرنے کیلئے اقدامات جاری رکھے۔ اس سال کمپنی نے سماجی ذمہ داری کے تحت مندرجہ ذیل خدمات سرانجام دیں:

صحت:

کمپنی نے تین آٹو رکشہ ایمبولینس عطیہ کیں اور -/300,000 روپے نقد مختلف ہسپتالوں کو دیئے جو کہ معاشرے کے غریب یا مستحق لوگوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

تعلیم:

کمپنی نے ان اداروں کو -/200,000 روپے دیئے جو کہ نہ صرف غریب بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں بلکہ ان کو بلا معاوضہ تعلیم بھی فراہم کرتے ہیں۔

### مالی معاونت:

کمپنی نے-/436,390 روپے اپنے مرحوم ملازمین کے اہل خانہ کی فلاح وبہبود اوران کے بچوں کی تعلیم کے لیے خرچ کیے۔

### حج سپانسرزشپ:

ہرسال کمپنی 2 ملازمین حج پر بھیجتی ہے جس سے ان کو روحانی تسکین حاصل ہوتی ہے۔ اس سال کمپنی نے-/993,050 روپے خرچ کیے۔

### معذورافراد کے لیے روزگار:

کمپنی معذورافراد کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرتی ہے تاکہ وہ معاشرے کے باعزت اورخودمختارافراد بن سکیں۔اس وقت کمپنی میں 27 معذورافراد کام کرتے ہیں۔

### پینے کا صاف پانی:

پینے کا صاف پانی ملازمین کی صحت کے لیے اہم ہے۔کمپنی اپنے ملازمین کو صاف اور فلٹر شدہ پینے کا پانی مہیا کرتی ہے تاکہ وہ صحت منداور مختلف بیماریوں سے محفوظ رہیں۔

### افرادی قوت کی تربیت:

انڈسٹریل سیکٹر کی ترقی کے لئے افرادی قوت کی نشوونما بہت اہمیت رکھتی ہے۔کمپنی آٹوموٹیوسیکٹر کے لئے انسانی وسائل کی ترقی کے لئے کام کرتی ہے۔نئی تقرریوں کو پیداواری لائن پر بھیجنے سے پہلے تربیت دی جاتی ہے افرادی قوت کی مہارت اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جاتے ہیں۔

### حفاظت:

کمپنی اپنی افرادی قوت اور کام کرنے کے ماحول کی حفاظت کے لئے مختلف اقدامات کرتی ہے کمپنی اپنے ملازمین کو حفاظتی چشمے، دستانے، حفاظتی جوتے، ویلڈنگ شیلڈ وغیرہ مہیا کرتی ہے۔کام کرنے کی جگہ کو مناسب طریقے سے صاف کیا جاتا ہے تاکہ پھسلن اور گرنے سے بچا جاسکے خطراتی مواد کو ان کی مقررہ جگہوں پر رکھا جاتا ہے کمپنی حادثات کے نمودار ہونے بچاؤ کے لئے اقدامات کرتی ہے ایمرجنسی حالات سے نمٹنے کے لیے ابتدائی طبی امداد کی سہولت، آگ بجھانے کے آلات، وقف شدہ کمپنی کی ملکیتی ایمبولینس سروس دستیاب ہوتی ہیں۔

### ماحولیاتی حفاظت:

ضیاعیات اور کترن کو مناسب طریقے سے سنبھالا اور تصرف میں لایا جاتا ہے۔کمپنی کی پیداوار کا کترن، مواد کی صورت میں نئے اجزاء بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے۔جس کی وجہ سے ماحول آلودہ نہیں ہوتا۔

### قومی خزانے میں شراکت:

ایک ذمہ دارشہری کی حیثیت سے آپ کی کمپنی نے انکم ٹیکس، سیلزٹیکس، کسٹم ڈیوٹی اور ایکسائز کی مد میں پچھلے سال 806.59 ملین روپے کے مقابلہ میں 914.09 ملین روپے اس سال جمع کرائے ہیں یہ بڑھوتی پیداوار اور فروخت میں اضافہ کی وجہ سے ہے۔

### چیف ایگزیکٹیو اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹران کے مشاہرہ کے پیکجز میں نظرثانی:

اس سال چیف ایگزیکٹیو اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹران کے ماہانہ مشاہرہ کے پیکجز پر نظرثانی کی گئی تھی جو کہ اپریل 01، 2018 سے نافذ العمل ہیں اسکی تفصیل نیچے دی جاتی ہے

| ایگزیکٹیوز کے نام | ماہانہ مشاہرہ (روپے) |
|---|---|
| میاں اسد حمید، چیف ایگزیکٹیو | 1,900,000/- |
| سعید اقبال خان، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر | 900,000/- |
| میاں محمد علی حمید، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر | 350,000/- |

ان کی تقرری کے قوائد وضوابط میں کوئی اور تبدیلی نہیں کی گئی تھی۔

## ڈائریکٹران کے مشاہرہ کی پالیسی:

یہ پالیسی کمپنی کواس قابل بنانے کے لئے ڈیزائن کی گئی ہے جس سے وہ ایگزیکٹیواورنان-ایگزیکٹیو ڈائریکٹران کومتوجہ کرے،ان کی حوصلہ افزائی کرے اوران کواپنے پاس برقراررکھےاورکمپنی کوکامیاب طریقے سے چلانے اوراسکی قدر میں اضافہ کی حوصلہ افزائی کرے۔

## ایگزیکٹیوڈائریکٹران بشمول چیف ایگزیکٹیوکا مشاہرہ:

مشاہرہ کا درجہ،ایگزیکٹیوڈائریکٹران بشمول چیف ایگزیکٹیوجن کی کمپنی کوکامیاب طریقے سے چلانے کے لئے ضرورت ہے کے لئے، پرکشش اور برقراررکھنے کاباعث ہو،مارکیٹ کے رجحانات،صنعتی طریقہ کار ،مہارت،تجربہ،تعلیم،ذمہ داریوں کے درجہ اورکردار کے مطابق اورمناسب ہواورجو ان کی آزادی پرسمجھوتہ کئے بغیر ویلیوایڈیشن کی حوصلہ افزائی کرے۔

کمپنی کے ایگزیکٹیوڈائریکٹران اور چیف ایگزیکٹیومیٹنگ اٹینڈنگ فیس کے لئے مستحق نہیں ہیں۔

## نان-ایگزیکٹیوڈائریکٹران بشمول آزادڈائریکٹران کا مشاہرہ:

میٹنگ اٹینڈنگ فیس کے علاوہ نان-ایگزیکٹیوڈائریکٹران کوکوئی مشاہرہ ادانہیں کیاجاتاہے۔

بورڈآف ڈائریکٹران اورکمیٹیوں کے اجلاسوں میں نان-ایگزیکٹیوڈائریکٹران کی سرگرم نمائندگی اوران کی تیاری کے لئے اپناقیمتی وقت صرف کرنے پران کی حوصلہ افزائی کے لئے بورڈ میٹنگ اٹینڈنگ فیس کی رقم کاتعین کرتاہے۔

## کوڈآف کارپوریٹ گورننس کی تعمیل:

بورڈاچھے کارپوریٹ گورننس کے اصولوں پرعمل پیراہے۔بورڈبخوشی تصدیق کرتاہے کہ کمپنی موجودہ نافذالعمل کوڈآف کارپوریٹ گورننس کے کارپوریٹ اورفنانشل رپورٹنگ فریم ورک کی تعمیل میں ہےاور بیان کرتاہے کہ:

### مالی گوشواروں کی عکاسی:

کمپنی کی انتظامیہ کی طرف سے تیارکردہ مالیاتی گوشوارے،اس کے معاملات،اس کی کاروباری سرگرمیوں کے نتائج،کیش فلوزاورایکویٹی(Equity) میں تبدیلی کی منصفانہ عکاسی کرتے ہیں۔

### اکاؤنٹس کی کتابیں:

کمپنی نے باضابطہ طورپراکاؤنٹس کے کھاتوں کوبرقراررکھاہے۔

### اکاؤنٹنگ پالیسیاں:

ان مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں مخصوص اکاؤنٹنگ پالیسیوں کی مستقل بنیادوں پرپیروی کی گئی ہے۔اوراکاؤنٹنگ کے تخمینے معقول اوردانش مندانہ رائے پرمبنی ہیں۔

### انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ سٹینڈرڈ کی پیروی:

ان مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں فنانشل رپورٹنگ کے بین الاقوامی معیارکی،جہاں تک وہ پاکستان میں قابل اطلاق ہیں،پیروی کی گئی ہےاوراگرکہیں انحراف ہواہےتواس کومناسب طریقے سے ظاہراور بیان کیاگیاہے۔

## انٹرنل کنٹرول سسٹم:

انٹرنل کنٹرول کا نظام اپنے ڈیزائن کے اعتبار سے مستحکم ہے اور اس کا موثر اطلاق اور نگرانی مسلسل کی جا رہی ہے۔ کنٹرول میں بہتری کے لئے مستقبل میں بھی نگرانی جاری رہے گی۔

## کام جاری رکھنے کی اہلیت:

بطور ادارہ کمپنی کے کام جاری رکھنے کی اہلیت پر کوئی نمایاں شک نہیں ہے۔

## کارپوریٹ گورننس کے اصول:

کارپوریٹ گورننس کے رہنما اصول جن کا اطلاق کمپنی کے مالی سال مختتمہ 30 جون 2018 پر لاگو ہوتا ہے سے انحراف نہیں کیا گیا ہے۔

## پچھلے چھ سالوں کا فنانشل ڈیٹا:

گزشتہ چھ سال کا اہم کاروباری اور مالیاتی ڈیٹا اس سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک **(Annexure A)** ہے۔

## واجب الادا قانونی واجبات:

واجب الادا قانونی محصولات مالیاتی گوشواروں کے نوٹس میں دیے گئے ہیں۔

## اہم فیصلے اور منصوبے:

گاڑیوں کے شعبہ میں کاروبار کے نئے مواقعوں کو تلاش کرتے رہنا۔

## کاروبار کا ضابطہ اخلاق:

کمپنی نے کاروبار کا ضابطہ اخلاق تیار کیا ہے اور یقین دہانی کی گئی ہے کہ اس سے متعلقہ پالیسیوں اور طریقہ کار کو پوری کمپنی میں پھیلایا جائے۔ اس کو کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی آویزاں کیا گیا ہے۔

## بورڈ کی ساخت:

ڈائریکٹران کی کل تعداد (9) نو ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

a. مرد (7) سات

b. عورت (2) دو

بورڈ کی ساخت مندرجہ ذیل ہے۔

### الف۔ چیف ایگزیکٹیو اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹران:

جناب میاں اسد حمید

جناب سعید اقبال خان

جناب میاں محمد علی حمید

### ب۔ نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹران

محترمہ سائرہ اسد حمید

محترمہ ثناء سلیمان

جناب میاں ظفر حمید

جناب حمزہ امجد وزیر

پ۔ آزاد ڈائریکٹران

جناب احسن اعجاز

جناب انوار علی

بورڈ کمیٹیاں:

بورڈ کمیٹیاں اور ان کے ممبران سالانہ مالیاتی گوشوارے کے صفحہ نمبر 02 پر درج شدہ ہیں۔

بورڈ اور کمیٹی کے اجلاس میں حاضری:

اس سال کے دوران بورڈ اور کمیٹیوں کے منعقدہ اجلاس کی تعداد کی تفصیل اور ہر ڈائریکٹر کی حاضری درج ذیل ہے:

| | بورڈ | آڈٹ کمیٹی | ہیومن ریسورس اینڈ ریمونیریشن کمیٹی |
|---|---|---|---|
| کل تعداد اجلاس | 5 | 5 | 2 |
| اجلاس میں ڈائریکٹران کی شرکت: | | | |
| جناب میاں اسد حمید | 5 | لاگو نہیں | لاگو نہیں |
| جناب میاں ظفر حمید | 5 | لاگو نہیں | 1 |
| جناب سعید اقبال خان | 5 | لاگو نہیں | 2 |
| جناب میاں محمد علی حمید | 4 | لاگو نہیں | لاگو نہیں |
| محترمہ سائرہ اسد حمید | 5 | لاگو نہیں | لاگو نہیں |
| جناب احسن اعجاز | 5 | 5 | لاگو نہیں |
| محترمہ ثناء سلیمان | 5 | 5 | لاگو نہیں |
| جناب انوار علی | 5 | 4 | 1 |
| جناب حمزہ امجد وزیر | 4 | لاگو نہیں | 2 |

وہ ڈائریکٹر جو میٹنگ میں شرکت نہیں کر سکے ان کی غیر موجودگی کی رخصت قبول کی گئی ہے۔

سال کے دوران ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام:

کمپنی سرٹیفیکیشن آف ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام کی پیروری میں ہے۔

(9) میں سے چار (4) ڈائریکٹران نے ایس ای سی پی کے منظور شدہ اداروں سے ڈائریکٹر ٹریننگ پروگرام حاصل کیا ہے جبکہ تین (3) ڈائریکٹران کو لسٹیڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2017 کے تحت استثناء حاصل ہے

شیئر ہولڈنگ کی ترتیب:

شیئر ہولڈنگ کی ترتیب بطور Annexure B اور Annexure B/1 لف ہے۔

کمپنی کے حصص میں تجارت:

سال کے دوران ڈائریکٹران، ایگزیکٹیوز اور ان کی بیویوں اور تابع بچوں کی طرف سے حصص میں تجارت۔

حصص کی خرید وفروخت اور ان میں تبدیلی:

ڈائریکٹران اور ایگزیکٹیوز:

| | خرید حصص | | فروخت حصص |
|---|---|---|---|
| جناب میاں اسد حمید | 1,460,811 | (بشمول 1,436,963 بونس حصص اور 15,331 وراثتی حصص) | - |
| جناب میاں ظفر حمید | 16,281 | (950 بونس حصص اور 15,331 وراثتی حصص) | 9,281 |
| محترمہ سائرہ اسد حمید | 217,355 | ( بونس حصص) | - |
| جناب سعید اقبال خان | 154,174 | ( بونس حصص) | - |
| جناب میاں محمد علی حمید | 399,824 | ( بونس حصص) | - |
| محترمہ ثناء سلیمان | 2,280 | ( بونس حصص) | - |
| جناب حمزہ امجد وزیر | 106 | ( بونس حصص) | - |
| جناب احسن اعجاز | 190 | ( بونس حصص) | - |
| جناب انوار علی | 105 | ( بونس حصص) | - |
| جناب ارشد محمود | 2,383 | ( بونس حصص) | - |
| **شریک حیات:** | | | |
| جناب محمد سلیمان خان | 3,800 | ( بونس حصص) | - |
| محترمہ آمنہ حمزہ وزیر | 3,792 | ( بونس حصص) | - |
| محترمہ امبرین ظفر حمید | 238 | ( بونس حصص) | - |
| محترمہ نغمانہ سعید | 58,803 | ( بونس حصص) | - |
| محترمہ نوین انوار علی | 238 | ( بونس حصص) | - |

## بورڈ، کمیٹیوں اور انفرادی ڈائریکٹران کی کارکردگی کی جانچ پڑتال:

بورڈ نے اپنی، کمیٹیوں اور انفرادی ڈائریکٹران کی کارکردگی کی جانچ پڑتال کے لئے ایک طریقہ کار اختیار کیا ہے۔

اس سال کے دوران، ہیومن ریسورس اینڈ ریمونیریشن کمیٹی نے جانچ پڑتال کا عمل کیا ہے۔ نتائج کو اکٹھا کرکے بورڈ کے غور وخوض اور کاروائی کے لئے پیش کیا گیا تاکہ اگر کہیں بہتری کے لئے نشاندہی کی گئی ہے تو عمل میں لائی جاسکے۔

## آڈیٹرز:

موجودہ آڈیٹرز ریٹائر ہوئے ہیں اور اہلیت کی بنیاد پر انہوں نے اپنے آپ کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔ آڈٹ کمیٹی نے بھی ان کی دوبارہ تقرری کے لئے تجویز کیا ہے۔

## ملازمین سے تعلقات:

انتظامیہ اور ملازمین کے تعلقات بہت خوشگوار ہیں اور یہ امید کی جاتی ہے کہ دونوں کمپنی کے مطلوبہ مقاصد کے حصول کے لئے ایک ہی جذبے کے ساتھ کام کریں گے۔

اظہار تشکر:

ہم اپنی کمپنی کے ملازمین کی ان تھک کوششوں، ٹیم ورک اور لگن جس کا اظہار انہوں نے موجودہ سال کے دوران کیا ہے کے شکر گزار ہیں۔ ہم اپنے معزز حصص داران، گاہکوں، سپلائرز اور مالی اداروں کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کرنے پر بھی شکر گزار ہیں۔

لاہور:

**24 ستمبر 2018**

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

میاں اسد حمید
چیف ایگزیکٹو

سعید اقبال خان
ڈائریکٹر